The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

March 5, 2024

Dear Sir,

Subject: **Notice of 82nd Annual General Meeting of Habib Bank Limited**

Please find attached the Notice of the 82nd Annual General Meeting of Habib Bank Limited, to be held on March 27, 2024, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

The said Notice will be published in Business Recorder and Daily Jang on Wednesday, March 6, 2024.

Yours faithfully,

**Uzman Naveed Chaudhary**
Company Secretary

**Copy to:**

1. *Executive Director/HOD, Offsite-II, Supervision Department, Securities & Exchange Commission of Pakistan, NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.*

HBL

Will be published in Business Recorder on March 6, 2024

# Notice of Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 82nd Annual General Meeting **("AGM")** of Habib Bank Limited **("the Bank")** will be held on Wednesday, March 27, 2024, at 10:00 a.m. at HBL Tower, Islamabad, to transact the following business:

## Ordinary Business:

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts (consolidated and unconsolidated) of the Bank for the year ended December 31, 2023, together with the Reports of the Directors and Auditors thereon.

2. To approve payment of a Final Cash Dividend of Rs. 4.00 per share, i.e., 40% for the year ended December 31, 2023, as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the Interim Cash Dividend of Rs. 5.75 per share (i.e., 57.5%) already paid.

3. To appoint Auditors of the Bank for the year ending December 31, 2024 at a fee of Rs. 46.680 million. In addition, any Federal or Provincial taxes and reimbursement of out of pocket expenses will be paid at actuals. The retiring Auditors, M/s. KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.

4. To elect 7 Directors of the Bank as fixed by the Board of Directors, under the provisions of section 159 of the Companies Act, 2017, for a period of 3 years, commencing from March 27, 2024. The names of the retiring Directors are:

   (i) Mr. Sultan Ali Allana
   (ii) Mr. Shaffiq Dharamshi
   (iii) Mr. Moez Ahamed Jamal
   (iv) Mr. Salim Raza
   (v) Dr. Najeeb Samie
   (vi) Mr. Khaleel Ahmed
   (vii) Ms. Saba Kamal

## Special Business:

5. To approve the circulation of the Bank's annual balance sheet, profit and loss account, auditor's report and directors' report, etc. ("Annual Report"), to the members of the Bank through QR code and weblink, in terms of the S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023 issued by Securities Exchange Commission of Pakistan (SECP), and if deemed fit, pass the following resolutions as Ordinary Resolutions with or without modification(s):

   "**RESOLVED THAT** the transmission/circulation of the Annual Report to the members of the Bank through QR code and weblink, in terms of the Notification S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, issued by the Securities Exchange Commission of Pakistan, be and is hereby approved."

   "**RESOLVED FURTHER THAT** the Company Secretary and/or Chief Financial Officer of the Bank be and are hereby authorized to do all acts, deeds and things in connection and ancillary thereto as may be required or expedient to give effect to the above resolution."

6. To approve the revisions in the Board Remuneration Policy of the Bank, as recommended by the Board of Directors, in terms of the Corporate Governance Regulatory Framework of the State Bank of Pakistan, and if deemed fit, pass the following resolution as Ordinary Resolution with or without modification(s):

   "**RESOLVED THAT** as recommended by the Board of Directors, the revised Board Remuneration Policy of the Bank, be and is hereby approved, on post facto basis."

For agendas 4, 5 & 6, the information as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 is being sent to the shareholders.

The Directors of the Bank have no direct or indirect interest in the above-mentioned resolutions except in their capacity as directors of the Bank.

## Any Other Business:

7. To consider any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

March 6, 2024
Karachi

**Uzman Naveed Chaudhary**
Company Secretary

## Notes:

1. The Register of Members and the Share Transfer Books will remain closed from March 20, 2024 to March 27, 2024 (both days inclusive) for the purpose of the AGM.

2. Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Bank as at March 19, 2024, will be entitled to attend and vote at the AGM.

3. A Member/shareholder entitled to attend and vote at the AGM may appoint another Member as his/her proxy to attend and vote for him/her provided that a corporation may appoint as its proxy a person who is not a Member but is duly authorised by the corporation. Proxies must be received at the Registered Office of the Bank not less than 48 hours before the time of the holding of the AGM.

4. Members are requested to notify immediately any changes in their registered address to Banks' Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi - 74400.

5. CDC Account Holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000, issued by the SECP.

6. Pursuant to Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001, withholding tax on dividend paid will be deducted for 'Filer' and 'Non-Filer' shareholders at 15% and 30% respectively. All Members/shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names along with their valid CNICs/ NTNs are entered into ATL, before March 27, 2024; enabling the Bank to make required tax deduction on the amount of cash dividend.

   According to the FBR, withholding tax in case of joint shareholders accounts will be determined separately based on the 'Filer/ Non-Filer' status of the principal shareholder as well as the status of the joint holder(s) as per their shareholding proportions. Members that hold shares with joint shareholders are requested to provide, in writing, the shareholding proportions of the principal shareholder and the joint holder(s) in respect of shares held by them to Banks' Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited. In case the required information is not provided to the Bank's registrar it will be assumed that the shares are held in equal proportion by the principal shareholder and the joint holder(s).

## A. Requirements for attending the Annual General Meeting:

i. In the case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/ her valid original Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of attending the AGM.

ii. In case of a corporate entity, unless provided earlier, the Board of Directors' resolution/power of attorney, with specimen signature of the nominee, shall be produced at the time of the AGM.

## B. Requirements for appointing Proxies:

iii. In case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

iv. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the said form.

v. Attested copies of the valid CNICs or the Passports of the beneficial owner(s) and the proxy shall be furnished with the proxy form.

vi. The proxy shall produce his/her valid original CNIC or original Passport at the time of the AGM.

vii. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney, with specimen signature of the nominee, shall be submitted to the Bank along with the proxy form unless the same has been provided earlier.

## C. Electronic dividend mandate:

Under the Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for all listed companies to pay cash dividend to its shareholders through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders.

In order to receive dividend directly into their bank account, Members/shareholders are requested (if not already provided) to fill in the Shareholder Information Form for Electronic Credit of Cash Dividend available on the Bank's website and send it duly signed along with a copy of valid CNIC to the Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e- Faisal, Karachi - 74400, in case of physical shares.

In case of shares held in CDC, the Electronic Dividend Mandate Form must be directly submitted to shareholder's brokers/participant/CDC account services.

In case of non-receipt of above information, the Bank will be constrained to withhold payment of dividend to shareholder(s).

## D. Submission of valid CNIC (Mandatory):

As per SECP directives the dividend of shareholder(s) whose valid CNICs, are not available with the Share Registrar could be withheld. All shareholders having physical shareholding are therefore advised to submit a photocopy of their valid CNICs immediately, if already not provided, to the Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi - 74400 without any further delay.

## E. Unclaimed Dividend:

As per the provision of Section 244 of the Companies Act, 2017, any shares issued or dividend declared by the Bank which have remained unclaimed / unpaid for a period of three years from the date on which it was due and payable are required to be deposited with SECP for the credit of Federal Government after issuance of notices to the shareholders to file their claim. The details of the shares issued, and dividend declared by the Bank which have remained due for more than three years were sent to shareholders. Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and shares are lodged promptly. In case, no claim is lodged with the Bank in the given time, the Bank shall, after giving notice in the newspaper, proceed to deposit the unclaimed / unpaid amount and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244(2) of the Companies Act, 2017.

## F. Circulation/Transmission of Annual Audited Financial Statements and Notice of AGM to Members in Electronic Form:

The Bank's Annual Report, under Section 223(6) of the Companies Act, 2017, is being circulated to the members in Electronic Form as per Electronic Transaction Ordinance, 2002. The same is also placed on the Bank's website: https://www.hbl.com/investor-relations/annual-accounts. The web-link to access Bank's Annual Report is e-mailed to the members whose registered e-mail addresses are available in the members' register.

Members are requested to intimate change (if any) in their registered e-mail addresses to our Share Registrar for the above-mentioned purpose through consent form available on the Bank's website.

## G. Conversion of Physical Shares into CDC Account:

The Members/shareholders having physical shareholding are encouraged to place their physical shares into scripless form as defined in Section 72(2) of the Companies Act, 2017, i.e.; "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act."

## H. Participation in AGM through Electronic Means:

SECP vide its Circulars, issued from time to time, has directed the listed companies to hold general meetings through video link, webinar, zooming etc. in addition to the requirements of holding physical meeting.

Accordingly, the AGM would be held at the venue and via webinar to comply with the SECP instructions. Members/shareholders interested in attending the Bank's AGM through webinar are requested to get themselves registered by sending their particulars to the Company Secretary of the Bank, at the designated email address (general.meetings@hbl.com), mentioning their names, folio number and email address by the close of business hours on March 19, 2024. The webinar link would be provided to the registered shareholders. The shareholders are also encouraged to send their comments/suggestions, related to the agenda items of the AGM on the above-mentioned email address by March 22, 2024.

## I. Postal Ballot/E-voting:

Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, read with Sections 143 and 144 of the Companies Act, 2017, in case of a Poll, Members will also be allowed to exercise their right of vote through postal ballot, that is voting by post or through any electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulations.

HBL

Will be published in Daily
Jang on March 6, 2024

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے حبیب بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا 82واں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ، بتاریخ 27 مارچ 2024ء، بوقت صبح 10:00 بجے HBL ٹاور، اسلام آباد میں منعقد ہوگا:

## عمومی اُمور:

1۔ سال مختتمہ 31 دسمبر 2023ء کے حوالے سے بینک کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (مجموعی اور غیر مجموعی) مع اُن پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وُصولی، غوروخوض اور منظوری۔

2۔ سال مختتمہ 31 دسمبر 2023ء کے حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو حتمی نقد منافعِ منقسمہ کی 4.00 روپے فی شیئر یعنی 40% کے حساب سے ادائیگی کی منظوری دینا، جو پہلے ادا کیے گئے 5.75 روپے فی شیئر (یعنی 57.5%) انٹرم نقد منافعِ منقسمہ کے علاوہ ہے۔

3۔ 31 دسمبر 2024 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے 46.680 ملین روپے معاوضہ پر آڈیٹرز کی تقرری۔ اس کے علاوہ، کسی بھی وفاقی یا صوبائی محصولات (ٹیکسز) اور اضافی اخراجات کی ادائیگی اصل کے مطابق کی جائے گی۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز، KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس دوبارہ تقرری کے اہل ہیں اور انہوں نے دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت 27 مارچ 2024ء کو شروع ہونے والے 3 سالہ دور کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے بینک کے 7 ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام یہ ہیں:

(i) جناب سلطان علی الانہ
(ii) جناب شفیق دھرمشی
(iii) جناب معیز احمد جمال
(iv) جناب سلیم رضا
(v) ڈاکٹر نجیب سمیع
(vi) جناب خلیل احمد
(vii) محترمہ صبا کمال

## خصوصی اُمور:

5۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن S.R.O.389(I)/2023 کے مطابق بینک کی سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کی اسٹیٹمنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ (''سالانہ رپورٹ'') کو QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بینک کے ممبران تک پہنچانے کی منظوری؛ درجِ ذیل قرارداد پر بطور عام قرارداد غوروخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بغیر منظوری:

''**قرار پایا** کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن S.R.O.389(I)/2023 کے مطابق QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بینک کے ممبران تک بینک کی سالانہ رپورٹ کی ترسیل/فراہمی کی منظوری دی گئی۔''

''**یہ بھی قرار پایا** کہ مذکورہ بالا قرارداد کے نفاذ یا اس میں سہولت کے لیے، بینک کے کمپنی سیکریٹری اور/ یا چیف فنانشل آفیسر کو بذریعہ ہذا ایسے تمام افعال، اقدامات اور معاملات کی انجام دہی کا اختیار دیا جاتا ہے جو اس ضمن میں درکار ہوں۔''

6۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق بینک کی بورڈ ریمونریشن پالیسی میں ترامیم کی منظوری، درجِ ذیل قرارداد پر بطور عام قرارداد غوروخوض اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بغیر منظوری۔

''**قرار پایا** کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر ترمیم شدہ بینک کی بورڈ ریمونریشن پالیسی پوسٹ فیکٹو (Post facto) منظور کی گئی۔''

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت ایجنڈا کے نکات 4، 5 اور 6 کے لیے مطلوبہ معلومات تمام شیئر ہولڈرز کو ارسال کی جا رہی ہیں۔

بینک کے ڈائریکٹرز مذکورہ بالا قرارداد میں، بینک کے ڈائریکٹر ہونے کی حیثیت کے علاوہ کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے۔

## دیگر اُمور:

7۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر اُمور پر غوروخوض۔

حسب الحکم بورڈ

**عظمان نوید چوہدری**

کمپنی سیکریٹری

6 مارچ 2024ء

کراچی

## نوٹس:

1۔ سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کے مقصد کے لیے اراکین (ممبرز) کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر بُکس مورخہ 20 مارچ 2024ء سے 27 مارچ 2024ء (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔

2۔ صرف وہ اشخاص سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں جن کے نام مورخہ 19 مارچ 2024ء کو بینک کے اراکین (ممبرز) کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

3۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک ممبر دوسرے کسی بھی ممبر/شیئر ہولڈر کو اپنے پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے یا یہ کہ ایک کارپوریشن کسی ایسے شخص کو بھی اپنا پراکسی مقرر کرسکتی ہے جو ممبر نہ ہو، تاہم باضابطہ طور پر کارپوریشن کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا ہو۔ پراکسی کی تقرری کی اطلاع اس سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔

4۔ ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔

5۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو SECP کی جانب سے جاری شدہ سرکلر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں مذکورہ رہنما اُصولوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

6۔ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی شق 150 کے تحت منافعِ منقسمہ کی آمدن پر فائلر اور نان فائلر شیئر ہولڈرز سے بالترتیب 15% اور 30% وِدہولڈنگ ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ وہ تمام ممبرز/شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ Active Tax Payers List (ATL) میں موجود نہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلر ہیں، اُنھیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 27 مارچ 2024ء سے پہلے ATL میں اپنے موثر CNICs/NTNs کے ساتھ اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں تاکہ بینک نقد منافعِ منقسمہ کی رقم پر قابلِ اطلاق ٹیکس کی کٹوتی کرے۔

FBR کے مطابق، جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے 'فائلر/ نان فائلر' ہونے کی بنیاد پر اُن کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے لحاظ سے وِدہولڈنگ ٹیکس کا علیحدہ علیحدہ تعین کیا جائے گا۔ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کے حامل ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موجود شیئرز کے حوالے سے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئر کی ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو تحریری طور پر فراہم کریں۔ ہمارے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز مساوی تناسب سے شیئرز کے حامل ہیں۔

### A۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے مطلوبہ عوامل:

(i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل اور موثر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، سالانہ اجلاسِ عام کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے، تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں۔

### B۔ پراکسیز کی تقرری کے لیے مطلوبہ عوامل:

(iii) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ مذکورہ بالا مطلوبہ معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(iv) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی موجود ہوگی، جن کے نام، پتے اور موثر CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

(v) پراکسی فارم کے ساتھ فائدہ حاصل کرنے والے مالکان کے موثر CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول فراہم کی جائیں گی۔

(vi) پراکسی کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام کے وقت اپنا اصل اور موثر CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

(vii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارہ بینک کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرے گا (تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں)۔

### C۔ الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاق:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 242 کے تحت تمام درج شدہ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافعِ منقسمہ کی ادائیگی، اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست الیکٹرانک طریقہ کار سے منتقل کریں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں منافعِ منقسمہ کی براہِ راست وُصولی کے لیے، ممبرز/شیئر ہولڈرز سے یہ درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر موجود بینک کا فارم برائے زرِ نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک منتقلی (Shareholder Information Form for Electronic Credit of Cash Dividend) پُر کریں اور اس پر دستخط کرکے موثر CNIC کی نقل کے ساتھ شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو ارسال کردیں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو)۔

شیئرز CDC کے پاس ہونے کی صورت میں، الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاقی فارم (Electronic Dividend Mandate Form) لازمی طور پر براہِ راست شیئر ہولڈر کے Broker/Participant/CDC اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروایا جائے۔

معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کو منافعِ منقسمہ کی ادائیگی روک لینے پر مجبور ہوگا۔

### D۔ موثر CNIC جمع کروانے کا عمل (لازمی):

SECP کی ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز کو، جن کے موثر CNICs شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں، منافعِ منقسمہ کی ادائیگی موقوف کی جاسکتی ہے۔ اس لیے فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موثر CNIC کی نقل فوری طور پر شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے پاس بلاتاخیر جمع کروائیں (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی)۔

### E۔ غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 244 کے مطابق، بینک کی جانب سے جاری شدہ کوئی بھی شیئرز یا اعلان شدہ منافعِ منقسمہ جو اپنے واجب الادا اور قابلِ ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے تک غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ رہے، تو شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ جمع کروانے کا نوٹس جاری کرنے کے بعد، اُسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروایا جانا ضروری ہے تاکہ اسے وفاقی حکومت کو منتقل کردیا جائے۔ بینک کی جانب سے ایسے جاری شدہ شیئرز اور اعلان کردہ منافعِ منقسمہ کی تفصیلات، جو تین سال سے زائد کے عرصے سے واجب الادا ہیں، شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی گئی تھیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ اور شیئرز کے حوالے سے دعووں کے بروقت اندراج کو یقینی بنائیں۔ مذکورہ مدّت میں بینک کے پاس کسی قسم کا دعویٰ دائر نہ ہونے کی صورت میں بینک کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 244(2) کے تحت، اخبار میں نوٹس کی اشاعت کے بعد، غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ رقم اور شیئرز وفاقی حکومت کے پاس جمع کروادے گا۔

### F۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام کی ممبرز کو الیکٹرانک طریقے سے فراہمی/ترسیل:

بینک کی سالانہ رپورٹ الیکٹرانک آرڈیننس 2002ء کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(6) کے تحت ممبران کو الیکٹرانک فارم میں بھیجی جارہی ہے یہ رپورٹ بینک کی ویب سائٹ https://www.hbl.com/investor-relations/annual-accounts. پر بھی مہیا کردی گئی ہے۔ بینک کی سالانہ رپورٹ تک رسائی کے لیے اس کا ویب لنک اُن ممبران کو ای میل کردیا گیا ہے جن کے ای میل ایڈریس ممبر رجسٹر میں موجود ہیں۔

ممبران سے درخواست بھی کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی کی صورت میں، بینک کی ویب سائٹ پر مہیا فارم کے ذریعے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا مقصد کے لیے آگاہ کریں۔

### G۔ فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی:

فزیکل شیئر رکھنے والے ممبرز/شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز اسکریپ لیس فارم میں رکھیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72(2) میں درج ہے کہ ''ہر موجودہ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو SECP کی جانب سے واضح کردہ بُک انٹری فارم میں تبدیل کرے اور SECP کی جانب سے دی جانے والی تاریخ سے متعلقہ ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کے اندر تعمیل کرے۔''

### H۔ الیکٹرانک ذرائع سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') نے وقتاً فوقتاً اپنے سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو فزیکل اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ویڈیو لنک، Webinar، Zoom وغیرہ کے ذریعے بھی اجلاسِ عام منعقد کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

چنانچہ، سالانہ اجلاسِ عام اپنے مقام پر اور Webinar کے ذریعے منعقد ہوگا۔ بینک کے سالانہ اجلاسِ عام میں Webinar کے ذریعے شرکت میں دلچسپی رکھنے والے ممبرز/شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ بینک کے مقررہ ای میل ایڈریس (general.meetings@hbl.com) پر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو اپنے کوائف، بشمول اپنے نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس 19 مارچ 2024ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک بھیج کر رجسٹر ہوجائیں۔ رجسٹر ہونے والے شیئر ہولڈرز کو Webinar کا لنک فراہم کردیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا کے نکات سے متعلق اپنی رائے/تجاویز بھی 22 مارچ 2024ء تک مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں۔

### I۔ پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق، جو کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 143 اور 144 کے ساتھ پڑھا جائے گا اور پولنگ کی صورت میں اراکین کو بھی پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو مذکورہ ضوابط میں درج تقاضوں اور طریقوں کے مطابق بذریعہ ڈاک یا الیکٹرانک موڈ میں ووٹ ہوگا۔